© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**وقائع سیرت نبویؐ عیسوی ماہ وسال کی روشنی میں**، اخلاق احمد قادری۔ ناشر: بک فورٹ ریسرچ اینڈ پبلی کیشنز، مکان ۹، سٹریٹ ۳۲، غنی محلّہ، سنت نگر، لاہور۔ فون: ۰۳۰۰-۴۹۳۱۳۲۰۔ صفحات: ۳۷۶۔ قیمت: ۸۰۰ روپے۔

سرورق کی حسب ذیل عبارت: 'پیدایشِ حضرت عبداللہؓ سے وصالِ نبویؐ تک کے تمام اہم وقائعِ سیرت نبویؐ، عیسوی تقویم و ترتیب کے ساتھ' سے زیرتبصرہ کتاب کی نوعیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ۲۴ صفحات پر پھیلی ہوئی فہرست کے عنوانات سے 'سیرت النبیؐ' کے کسی بھی واقعے کا پتا چلایا جاسکتا ہے۔ سیرت کے وقائع کے ساتھ آں حضوؐر کے خدام، اُمہات المومنینؓ، آپؐ کے صحابہؓ، آپؐ کی خادمائیں، کاتبینِ وحی، آپؐ کے سُفرا اور قاصد، بارگاہِ رسالتؐ کے خطیب اور شعرا اور آپؐ کے آلاتِ حرب، ڈھالوں، گھوڑوں، اُونٹنیوں اور بکریوں وغیرہ کا مختصر تعارف بھی شاملِ کتاب ہے۔

یہ کتاب سیرتِ پاکؐ کی توقیت (کرونولوجی) ہے، جس سے واقعاتِ سیرت کا پتا چلتا ہے کہ کون سا واقعہ کب، کس دن رُونما ہوا اور اس کا پس منظر کیا تھا۔ بقول سیّد ارشد سعید کاظمی: ''محترم قادری صاحب نے ایک نئے انداز پر سیرتِ نبویؐ کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے'' (ص ۲۹)۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**رسولِ رحمتؐ مکّہ کی وادیوں میں** (جلد اوّل)، حافظ محمد ادریس۔ ناشر: مکتبہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۲۵۲۴۱۹۔ صفحات: ۴۰۸۔ قیمت: ۳۷۵ روپے

زیرنظر کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے: پہلے حصّے میں تمہیدی مباحث، دوسرے حصّے میں بعثت سے قبل کے اہم واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے، جب کہ تیسرے حصّے میں بعثت کے بعد قریش کی مخالفت اور کفّار کی عصبیتِ جاہلیہ کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ 'پیش لفظ' میں لکھا ہے: ''آپؐ کی



© rasailojaraid.com